نہیں کھایا اور جان دے دی تو یہ خودکشی ہوگی، دوسرا مسئلہ اس پر یہ متفرع ہوا کہ جب مضطر کے لئے حرام جانور مثل حلال جانور کے ہوگیا۔ تو جس طرح حلال جانور کے لئے کوئی مقدار اور کمیت مقرر نہیں ہے اس کے لئے بھی نہیں ہوگی، بہرحال یہ کتاب ضرور مطالعہ کرنی چاہیئے، اس سے نظر میں وسعت پیدا ہوگی، اور عام مسلمانوں کو بھی اندازہ ہوگا کہ احکام میں تغیر و تبدل کی کیا نوعیت ہوتی ہے!

مسئلۂ اجتہاد پر تحقیقی نظر: تقطیع خورد، ضخامت ۱۶۰ صفحات، کتابت و طباعت بہتر قیمت مجلد تین روپیہ، مذکورۂ بالا پتہ پر ملے گی!

یہ کتاب بھی مولانا محمد تقی امینی کی زائیدۂ قلم ہے، اس میں اجتہاد کی حقیقت، اس کی تاریخ، اقسام، مجتہد کے لئے ضروری اوصاف و کمالات، اجتہاد کا سرچشمہ، اس کی ضرورت و اہمیت وغیرہ پر مفصل و مبسوط کلام کیا گیا ہے، اور چونکہ درحقیقت یہ پہلی کتاب کا تکملہ ہی ہے اس لئے اس میں متعدد مضامین مکرر ہوگئے ہیں، مگر یہ تکرار ناگوار نہیں ہوتی بلکہ بڑی حد تک قند مکرر کا مزہ دیتی ہے، اور اس لئے لائق مطالعہ ہے!

عرب دُنیا

اُردو داں طبقہ کی اکثریت کو عرب اور بلادِ عرب سے ایک دلی تعلق ہے مگر خود اُردو میں ان ممالک کے بارے میں بہت کم معلومات ملتی ہے پچھلے سفرنامے اب بہت پرانے ہو چکے، بعد کی اہم چیزیں جن کا اُس وقت وجود نہ تھا یا اتنی اہمیت حاصل نہیں ہوئی تھی ان کی معلومات سے یکسر خالی ہیں، اس کمی کو پورا کرنے کے سلسلے میں مولانا محی الدین الوائی ایم اے (الازہر، قاہرہ) کی یہ کوشش یقیناً پسند کی جائیگی، الوائی صاحب نے خلیج فارس سے مراکش تک پھیلے ہوئے تمام عرب ممالک کے عام ملکی جغرافیائی، ثقافتی اور معاشرتی حالات، اقتصادیات اور آج کی رواں تحریکات کا مکمل جائزہ لیا ہے۔ اخبار بین حضرات کے لئے ہر وقت کی ساتھی، ابتدائی کتاب میں ایک رنگین نقشہ بھی ہے جس سے عرب ممالک کے محل وقوع پر اچھی روشنی پڑتی ہے، ۱۱۴ صفحات، صاف ستھری کتابت و طباعت، قیمت مجلد ایک روپیہ پچاس پیسے

مکتبۂ برہان، اردو بازار، جامع مسجد، دہلی ۶

اعلان: ... ضخامت ۱۹۱ صفحات ... قیمت ... دس روپے ۵۰ پیسے ... (مبصر ۱۴۱)

© rasailojaraid.com